27 جون 2017

## نیویارک سٹی کے محکمۂ خدمات بے گھر افراد (DHS) کے نظام پناہ میں معذوری سے متاثر افراد کے لیے پناہ کے حصول سے متعلق کلاس ایکشن کے مجوزہ تصفیہ کا اطلاع نامہ

### یہ اطلاع نامہ کسے پڑھنا چاہیے؟

آپ کو یہ اطلاع نامہ پڑھنا چاہیے اگر:

- آپ کو کوئی معذوری لاحق ہو **اور**
- آپ نیویارک سٹی محکمۂ خدمات بے گھر افراد (Department of Homeless Services, DHS) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں یا دے چکے ہوں؛ یا فی الوقت DHS کی پناہ گاہ میں ہیں۔

معذوریوں کی کئی قسمیں ہیں لیکن بعض مثالیں ایسی ہو سکتی ہیں کہ آپ کو زینے چڑھنے میں دشواری محسوس ہو، دیکھنے یا سننے میں آپ کو مدد درکار ہو۔ آپ خود سے نہانے یا کپڑے بدلنے کے قابل نہ ہوں یا آپ کو توجہ مرکوز کرنے، یاد رکھنے یا فیصلے کرنے میں مشکل ہو۔

### یہ اطلاع نامہ کس بارے میں ہے؟

2015 میں پناہ یافتہ معذور افراد نے Butler v. City of New York 15-CV-3783 (RWS) (JLC) (بیٹلر بنام سٹی آف نیویارک) کہلانے والے وفاقی کلاس ایکشن قانونی مقدمے میں DHS کے خلاف مقدمہ دائر کیا تھا۔ یہ ایک کلاس ایکشن مقدمہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ افراد کے ایک گروہ کی طرف سے دائر کیا گیا ہے۔ مقدمے کے دونوں فریق اب اس کا تصفیہ کرنا چاہتے ہیں اور جج نے ان کی تصدیقی کو منظوری دینے کو کہا ہے۔ DHS نے یہ یقینی بنانے سے اتفاق کیا ہے کہ معذوری سے متاثر افراد پناہ گاہ حاصل کر سکتے ہیں۔ DHS نے معذوری سے متاثر افراد کی بہتر طور پر مدد کرنے کے لیے اپنے بعض ضابطوں کو تبدیل کرنے سے بھی اتفاق کیا ہے۔

### کلاس ممبر کون ہے؟

آپ ایک کلاس ممبر ہیں اور اس تصفیے کے تحت آتے ہیں اگر:

1. آپ کو کوئی ایسی معذوری ہے جس کی تشریح معذوری سے متاثر امریکی باشندوں کے قانون میں کی گئی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو آپ میں کوئی جسمانی یا ذہنی نقص ہے جو آپ کی زندگی کسی اہم سرگرمی کو محدود کرتا ہو؛ **اور**
2. 
   - آپ سر دست DHS کے نظام پناہ میں رہائش پذیر ہیں؛ **یا**
   - آپ نے 14 مئی 2012 کے بعد DHS کے نظام پناہ کے ذریعے خدمات حاصل کرنے کی کوشش یا کوئی خدمت حاصل کی ہے؛ **یا**
   - آپ آئندہ DHS کے نظام پناہ کے ذریعے خدمات تک رسائی یا ان کے حصول کی کوشش کریں گے۔

### مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے

معاہدۂ تصفیہ قانونی امداد سوسائٹی (Legal Aid Society) مرکز برائے خود و انحصارئی معذوریت، نیو ریارک اور DHS: www.legal-aid.org ، www.cidny.org ، اور www.nyc.gov/dhs پر ہے۔ تصفیے کی نقل (کاپی) حاصل کرنے کے لیے یا اگر آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہو تو آپ مندرجہ ذیل پتے پر فون کر سکتے ہیں یا ای میل کر سکتے ہیں:

The Legal Aid Society
Butler v. City of New York Settlement
199 Water Street, 3rd floor
New York, NY 10038
ButlerCase@legal-aid.org
917-398-3055

### تصفیے میں کیا ہے؟

DHS معذوریوں سے متاثر افراد کے لیے DHS نظام پناہ گاہ (DHS Shelter System) کو قابلِ رسائی بنانے سے اتفاق کرتا ہے۔

1. واجب رہائش کی درخواستیں
DHS کلاس ممبران کوواجب ترمیمات (reasonable accommodations, "RAs") فراہم کرے گا۔ RAs پالیسیوں، طریقوں یا سہولتوں میں آپ کو مطلوب وہ تبدیلیاں ہیں جو آپ کے لیے سہولتوں اور خدمات کو آپ کے لیے قابل حصول بناتی ہیں۔ بعض مثالیں یہ ہو سکتی ہیں کہ آپ کے پاس کوئی ایسا خدمات گار جانور ہو یا کوئی بستر ہو جس پر آپ اپنی پہیہ کورسی سے منتقل ہو سکیں یا اپنی دواؤں کو ٹھنڈا رکھنے کی کوئی جگہ ہو۔

DHS میں RAs اور اس کے فارموں اور نشانات کی درخواست کرنے کے بارے میں معلومات شامل کی جائیں گی۔ اگر آپ RA کی درخواست دیتے ہیں تو DHS آپ کی RA کی درخواست کے بارے میں اپنے فیصلے کی تحریری اطلاع دے گا۔ اگر RA کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے تو آپ اپیل کر سکتے ہیں۔

2. بہتر واجب ترمیمات
DHS ان افراد کی شناخت کی کوشش کرے گا جنھیں RAs درکار ہو چاہے انھوں نے RA کی درخواست نہ کی ہو۔ DHS ایک نظام کو بھی بروئے کار لائے گا تاکہ کسی بھی DHS کے دفتر میں آپ کو مطلوبہ RAs کے بارے میں معلومات دیکھ سکیں۔ DHS آخری فیصلہ دیتے ہوئے عارضی RAs واجبی ترمیمات فراہم کر سکتا ہے۔

3. موجودہ پالیسیوں، طریقوں، اور سہولتوں پر غور کرنا
یہ دیکھنے کے لیے کہ کیا ان میں معذوریوں سے متاثر افراد کے لیے بعض مسائل میں DHS اپنی موجودہ پالیسیوں، طریقوں اور سہولتوں پر غور و خوض کرے گی۔ شیلٹر سسٹم (Shelter System) کو معذوریوں سے متاثر افراد کے لیے قابل رسائی بنانے کے لیے DHS ایک منصوبہ وضع کرے گا۔ DHSاپنی قابل رسائی بنانے کے لیے اس منصوبے کو بروئے کار لائے گا۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ سٹی تصفیے کی تعمیل کر رہا ہے ایک منصوبہ عدالت سے منظوری کرایا جائے گا۔

4. عملے کی تربیت
DHS معذوریوں سے متاثر افراد کے حقوق اور تصفیے سے متعلق اپنے عملے کو تربیت دی گی۔ DHS کے پاس ایسا عملہ ہوگا جو معذوریوں سے متاثر افراد کو نظام پناہ سے استفادے اور RAs کی درخواست کرنے میں مدد دے گا۔

**اگر مجھے تصفیے سے اتفاق ہو تو کیا مجھے کچھ کرنا ہوگا؟**
نہیں۔ اگر آپ تصفیے سے متعلق ہیں تو آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر عدالت تصفیے کو منظور کرتی ہے تو نظام پناہ گاہ کو معذوریوں سے متاثر افراد کے لیے زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے آپ DHS شیلٹر سسٹم میں تبدیلیاں دیکھیں گے۔ آپ تصفیے کے پابند بھی ہوں گے۔

**میں تصفیے پر اعتراض کیسے کر سکتا ہوں؟**
اگر کلاس ممبران کو تصفیے پر اعتراض ہو تو انھیں عدالت کو یہ بتانے کا حق ہے۔ کلاس ممبران تاریخ مقررہ پر سماعت عدالتی سماعت کے اجلاس میں آ کر ذاتی طور پر اعتراض کر سکتے ہیں۔

**Judge Robert W. Sweet**
**United States District Court for the Southern District of New York**
**United States Courthouse 500 Pearl Street, Courtroom 18C**
**New York, NY 10007**

کلاس ممبران "بیٹلر کلاس ایکشن" ("Butler Class Action") لکھا ہو اور ڈاک خانے کے نام اور تاریخ کی مہر پڑی ہو تو، مندرجہ بالا پتے پر عدالت کو ارسال کر کے اور اس کی ایک نقل (کاپی) مندرجہ ذیل پتے پر ارسال کر کے اعتراض کر سکتے ہیں:

The Legal Aid Society
Attn: Joshua Goldfein
199 Water Street
New York, New York 10038
Attorneys for the certified class
ButlerCase@legal-aid.org

اگر آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہو تو آپ مذکورہ بالا وکیل کو فون یا ای میل کر سکتے ہیں جو اس کارروائی میں تصدیق شدہ کلاس کی نمائندگی کر رہا ہے۔
عدالت کو فون نہ کریں۔